| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی تیسواں ہفتہ | موضوع: | تشدید کا تعارف | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ تشدید کی آواز کی پہچان اور ادائیگی کر سکیں ۔تشدید کے الفاظ کی پہچان اور لکھائی کر سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں سے جسم کے حصوں کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم تشدید" ّ" کی پہچان اور اس سے بننے والے الفاظ سیکھیں گے۔ بچوں کو بتائیے کہ کچھ حروف ایسے ہوتے ہیں جو الفاظ میں دو بار بولے جاتے ہیں یا زور اُن پر دیا جاتا ہے۔ان کو لکھا ایک بار جاتا ہے۔اور تشدید کی علامت لگائی جاتی ہے۔مثلاً ب ل ل ی = بلی تختہ سفید/ سیاہ پر تشدید" ّ" کی علامت کو بڑا سا لکھیں اور بچوں سے کہیں کہ ہوا میں لکھیں۔تختہ سفید/ سیاہ میں تشدید" ّ" والے الفاظ لکھیں<br>ابّو ، امّی ، بچّہ ، اچھّا ، لڈّو<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو زبر ، زیر ، پیش اور تشدید کے الفاظ کے فلیش کارڈ دیئے جائیں گے۔ بچوں سے کہا جائے گا کہ ان فلیش کارڈز میں تشدید کے الفاظ الگ کریں اور اُن کو پڑھ کے بتائیں بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 61 کھولنے کو کہا جائے گا بچوں کو کہا جائے گا کہ الفاظ کو پڑھیے اور ان کے توڑ لکھیے کام کے دوران نگرانی کیجیے اور جہاں مدد کی ضرورت ہے وہاں بچوں کی مدد کریں۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں کو تختہ سفید/ سیاہ پر الفاظ لکھنے کو کہا جائے گا۔<br>**گھر کا کام:** کاپی پر ابوّ، امیّ، بچہّ، اچھاّ، بلی کے لکھائی کیجیے۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | فلیش کارڈز<br>کتاب صفحہ نمبر 61 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا تشدید" ّ" کی آواز کی پہچان اور اس سے بننے والے الفاظ پڑھنے اور لکھنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی　　　تیسواں ہفتہ | موضوع: | تشدید کا تعارف | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ تشدید کی آواز کی پہچان اور ادائیگی کر سکیں ۔تشدید کے الفاظ کی پہچان اور لکھائی کر سکیں۔ | **دہرائی:**<br>تشدید والے الفاظ پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>معلمہ تختہ سفید/ سیاہ پر اُلّو،کوّا،سچّا،اور ڈبّا لکھے گی بچوں کو یاد دہانی کروائی جائے گی کہ جس حرف پر زور دیتے ہیں اُس پر " ّ" ڈالتے ہیں۔ اور توڑ کرتے وقت میں اُس حرف کو دوبارہ لکھتے ہیں۔مثال کے طور پر اُلّو=ا+ل+و۔معلمہ تمام الفاظ کے توڑ کرنا بتائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو پلے ڈو دے کر تشدید بنانے کی سرگرمی کروائی جائے گی۔بچوں کو Salt tray دے کر تشدید والے الفاظ کی لکھائی کروائی جائے گی۔<br>کاپی پر ڈبّا،اُلّو،کوّا،سچّا کے توڑ لکھوائے جائیں گے۔<br>**اختتامیہ:**<br>ہوا میں تشدید کے الفاظ لکھائی کی لکھائی کروایئے۔<br>**گھر کا کام:**<br>کتاب صفحہ 62 کیجیے۔ | 5 منٹ<br><br>10 منٹ<br><br>20 منٹ<br><br>5 منٹ | پلے ڈو<br>Salt tray<br>کاپی ورک | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا تشدید " ّ" کی آواز کی پہچان اور اس سے بننے والے الفاظ پڑھنے اور لکھنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی تیسواں ہفتہ | موضوع: | 'ں' کا تعارف | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'ں' کی آواز کی پہچان، ادائیگی اور اس کے الفاظ کی پڑھائی اور لکھائی کرسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو تشدید فلیش کارڈ دکھا کر اس کا نام پوچھیے اور استعمال پوچھیے۔ | 3 منٹ | فلیش کارڈز<br>حروف فلیش کارڈز | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا 'ں' کی آواز کی پہچان ادائیگی کرنے پر۔ ں کے الفاظ کے پڑھائی اور لکھائی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایئے کہ ہم آج 'ں' کے بارے میں جانیں گے۔ بچوں کو بتایئے کہ اس کی شکل 'ن' کی طرح ہوتی ہے لیکن اس میں نقطہ نہیں ہوتا انھیں بتایئے یہ 'ن' کی آدھی آواز کہلاتی ہے۔ تختہ سفید سیاہ پر 'ں' کے الفاظ لکھیں۔ جب آپ لفظ پڑھ رہی ہوں تو اس کے تلفظ پہ زور دیں اور بچوں کو بتائیں کہ اس میں 'ن' کی ہلکی سی آواز آتی ہے۔ جیسے یہاں، وہاں، اماں، ہیں، دایاں، جہاں بچوں سے الفاظ کی بلند خوانی کروایئے۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو 'ں' کے الفاظ کے فلیش کارڈز اور حروف کے فلیش کارڈز دیں۔ بچوں سے کہیے ایک لفظ لیں اُس کو پڑھیں اور حروف فلیش کارڈز میں اُس نقطے کے حروف ڈھونڈ کر اس لفظ کے آگے رکھیں۔ یہ سرگرمی مختلف 'ں' کے الفاظ کے ساتھ سب بچوں سے کروائیں۔ بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 77 کھولنے کو کہا جائے گا۔ بچوں سے کہیے کہ خالی جگہ میں 'ں' لکھیے اور الفاظ کو پڑھیے اور لکھیے کام کے دوران بچوں کی نگرانی کریں اور رہنمائی کریں۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 77 | |
| | **اختتامیہ:**<br>تختہ سفید سیاہ پر 'ں' کے الفاظ لکھیں اور بچوں سے ان کی پڑھائی کروایئے۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی	تیسواں ہفتہ | موضوع: | ’ں‘ کا تعارف | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ ’ں‘ کی آواز کی پہچان، ادائیگی اور اس کے الفاظ کی پڑھائی اور لکھائی کرسکیں۔ | **دہرائی:**<br>’ں‘ کے الفاظ کی پڑھائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو یاددہانی کروائی جائے گی کہ ں ’ن‘ کی آدھی آواز کہلاتی ہے۔اس میں نقطہ نہیں آتا۔’ن‘ کی آواز ہلکی سی آتی ہے۔معلمہ ’V‘ کی علامت بورڈ پر بنائے گی اور بچوں کو بتائے گی کہ یہ ’ں‘ کی علامت ہے۔مثال کے طور پر ’رنگ‘ اس لفظ میں ’ں‘ کا استعمال ہوا ہے۔اس کے توڑ بتایئے ر+ں+گ۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کتاب صفحہ 93 کھولنے کو کہا جائے گا۔الفاظ کی پڑھائی کروائی جائے گی۔خالی جگہ میں ’ں‘ لکھ کر الفاظ کو مکمل کرنے کو کہا جائے گا۔ نیچے دیے الفاظ تختہ سفید/ سیاہ پر لکھ کر ان کی بلندخوانی کروائی جائے گی اور بچوں کو بتایا جائے گا کہ ان الفاظ میں ’ں‘ آتا ہے۔<br>**اختتامیہ:**<br>’ں‘ کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا نام پوچھیے۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی میں کوئی سے چار ’ں‘ والے الفاظ لکھیے۔ | 3 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | کتاب صفحہ 93 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا ’ں‘ کی آواز کی پہچان ادائیگی کرنے پر۔ں کے الفاظ کے پڑھائی اور لکھائی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی تیسواں ہفتہ | موضوع: | سوالیہ الفاظ | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ سوالیہ الفاظ جان سکیں۔ سوالیہ الفاظ کا جملوں میں استعمال جان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں سے ں اور تشدید کے الفاظ پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو کیا، کیوں، کیسے، کس، کہاں، کب، کون کے الفاظ فلیش کارڈ دکھا کر ان کی پڑھائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ ان کو سوالیہ الفاظ کہتے ہیں۔ جب ہم نے کسی سے کوئی سوال پوچھنا ہوتا ہے تو ان الفاظ کا استعمال کیا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر آپ کا کیا نام ہے؟ آپ کل سکول دیر سے کیوں آئے؟ وغیرہ بچوں کو بتایا جائے گا کہ سوالیہ جملوں کے آخر میں سوالیہ نشان آتا ہے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>سوالیہ الفاظ کے فلیش کارڈ معلمہ ٹوکری میں رکھے گی۔ تختہ سفید/ سیاہ پر جملے لکھے جائیں گے بچوں کو باری باری بُلا کر جملہ پڑھنے اور درست سوالیہ الفاظ کا فلیش کارڈ چسپاں کرنے کو کہا جائے گا۔<br>1. یہ گھر-------کا ہے؟ آپ-------ہمارے گھر آئیں گے؟<br>وہ---------ہے؟ آپ کیسے ہیں؟<br>بچوں سے کتاب صفحہ 78 کھولنے کو کہا جائے گا۔ سوالیہ الفاظ کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔ نیچے لکھے جملے بورڈ پر لکھ کر پڑھائے جائیں گے اور سوالیہ الفاظ کی نشاندہی کروائی جائے گی۔<br>**اختتامیہ:** ہوا میں سوالیہ نشان بنانے کی مشق کروایئے۔<br>**گھر کا کام:** کاپی پر کیا، کون، کب کی لکھائی کیجیے۔ | 3 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | سوالیہ الفاظ فلیش کارڈ<br>کتاب صفحہ 78 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا سوالیہ الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |